The Dyslexia-SpLD Trust

ڈسلکسیا کے بارے میں سوالات

کیا میرے بچے کو امتحانات کے لئے اضافی مدد ملے گی؟

جن بچوں کو سیکھنے میں مخصوص طور پر دشواری ہوتی ہے انکو امتحانات کے لئے تھوڑا سا اضافی موقع دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ کی سٹیج ٹیسٹ(ایس اے ٹی) یا پھر جی سی ایس ۔۔اے لیول کورسز۔

اس کے لئیے عام طور پر اضافی وقت دیا جاتا ہے۔ یا سوالوں کو پڑھنے یا جوابات لکھنے میں مدد دی جا سکتی ہے۔ یہ آپ کے بچے کی ضروریات پر منحصر ہے۔ اس طرح کی مدد کو ایکسس ارینجمنٹ کہا جاتا ۔

خصوصی ایکسس ارینجمنٹ کا انتظام امتحانوں سے پیشگی کیا جاتا ہے۔ اس کےلئیے بچے کے (ایس ای این سی او) سے پتہ کریں کہ وہ کس قسم کی مدد دے سکتے ہیں۔

کیا ایسے سپورٹ گروپس ہیں جہاں ایسے والدین سے ملاقات ہو سکتی ہے جو میرے جیسے حالات میں ہیں؟

سکول اور لوکل اتھارٹی کا رابطہ سپورٹ گروپس سے رہتا ہے اور وہ آپ کو ان سے ملوا سکتے ہیں ، مدد کے لئیے اپنی ٹیچر سے رابطہ کریں

ان والدین جن کے بچوں کو سیکھنے کی دشواری کا مسئلہ ہو ان کی سپورٹ کے لئیے کئی ایک نیٹ ورک ہیں ۔ اس کے لئے ہمارے رابطے دیکھئیے

رابطے

ڈسلیکسیا والے بچوں اور نوجوانوں کی مدد اور اچھی کارگزاری پر معلومات کے لئیےدیکھئیے

دی ڈسلیکسیا۔ایس پی ایل ڈی ٹرسٹ

01344 381 564 یا info@thedyslexia-spldtrust.org.uk

www.interventionsforliteracy.org.uk

www.thedyslexia-spldtrust.org.uk

ہیلن آرکل ڈسلیکسیا سنٹر

enquiries@arkellcentre.org.uk یا 01252 792 400

www.arkellcentre.org.uk

مقامی امدادی گروپوں اورمشورےکےلیے:

برٹش ڈسلیکسیا ایسوسی ایشن

helpline@bdadyslexia.org.uk یا 0845 251 9002 ہیلپ لائن

www.bdadyslexia.org.uk

اور

ڈسلیکسیا ایکشن

info@dyslexiaaction.org.uk یا 01784 222 300

www.dyslexiaaction.org.uk

ڈسلیکسیا (نقص کلامی) کیا ہے؟

ڈسلیکسیا کے بارے میں اب کافی کچھ سمجھا جا چکا ہےلیکن یہ ان لوگوں کے لئے ابھی بھی کافی پریشان کن ہے، جو اس سے متاثر ہوتے ہیں۔

ڈسلیکسیا کا اثر پڑھنے اور ہجے کرنے سیکھنے کی صلاحیت پر ہوتا ہے۔ ڈسلیکسیا والے بچوں کو لفظوں کی آواز سیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ان کو ہر لفظ کی آواز علیحدہ کرکے سیکھنا مشکل لگتا ہےاور اکثر بتائی گئی معلومات کو یاد رکھنے میں بھی دقت پیش آتی ہے۔جیسا کہ دی گئی ہدایات۔

ڈسلیکسیا سے متاثر بچوں کو ترتیب دینے، گنتی کرنےاور متوجہ رہنے میں بھی مشکلات پیش آتی ہیں یہ مشکلات ڈسلیکسیا کا حصہ تو نہیں لیکن ان کی وجہ سے ڈسلیکسیا کے ساتھ نپٹنا مشکل ہو جاتا ہے

ڈسلیکسیا ایک بہت عام مگر مخصوص سیکھنے کی صلاحیت کی مشکل ہے جس سے آبادی کا تقریبا % 10ایک خاص حد تک متاثر ہوتا ہے۔ بہت سارے لوگ جن میں ڈسلیکسیا کم درجے کا ہوتا ہے سکول میں بہت تھوڑی اضافی مدد کے ساتھ کامیاب رہتے ہیں۔ لیکن جن میں زیادہ درجے کا ہو ان کو سکول کے زمانے اور زندگی کےکام کاج میں مسلسل مدد کی ضرورت ہوتی ہے

یہ کیسے بتایا جا سکتا ہے کہ میرے بچے کو ڈسلیکسیا (نقص کلامی) ہے؟

ڈسلیکسیا کا پتہ سب سے پہلے اس وقت چلتا ہے جب پڑھنے، لکھنے اور ہجے کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ لیکن یہ مسائل نگاہ یا سماعت کی کمزوری یا پڑھائی کے طریقہ کار کی وجہ سے بھی ہو سکتے ہیں ۔ اگر ان دوسرے عناصر کو نکال دیا جائے اور پھر بھی پڑھنے، لکھنے اور ہجے کرنے میں مشکل پیش آتی رہے تو بہت حد تک اس کی وجہ ڈسلیکسیا ہی ہو گا۔

ڈسلیکسیا خاندانی بھی ہوتا ہے۔ اگر تاریخی طور پر پڑھنے اور ہجے کرنے کی صلاحیت میں دقت رہی ہو تو یہ ہو سکتا ہے کہ اگرآپ کے بچے کو بھی مشکل پیش آرہی ہے تو اس کا تعلق ڈسلیکسیا سےہے۔

ڈسلیکسیا کی کچھ علامات سکول میں پڑھنا لکھنا سیکھنے سے پہلے بھی دیکھنے میں آ سکتی ہیں ان میں موسیقی کا تصور سمجھنے میں مشکل ہونا ، چیزوں کے نام گڈ مڈ ہونا، حروف کی آوازوں کو سیکھنے میں مشکل پیش آنا شامل ہیں

اور پھر بعد میں سکول میں جن چیزوں سے اندازہ ہوتا ہے ان میں ہدایات کو یاد رکھنا یا روزانہ کے کاموں میں بھلکڑ ہونا یا لوگوں اور چیزوں کے نام یاد رکھنے میں مشکل پیش آنا، بڑے الفاظ کے حروف کی آواز وں کو علیحدہ کر کے پہچاننے میں مشکل ہونا شامل ہے ۔

مجھے کیا کرنا چاہئیے اگر یہ لگے کہ میرے بچے کو ڈسلیکسیا (نقص کلامی) ہے؟

سب سے پہلےآپ کو اپنے بچے کی ٹیچر سے بات کرنی چاہئیے۔آجکل کےپرائمری سکولوں میں شروع سے ہی پڑھنا سیکھایا جاتا ہے ، ڈسلیکسیا والے بچوں کے لئے بھی ایسا کرنا مناسب ہوتا ہے ۔ تاہم اگر کوئی تشویش کی بات ہو تو ٹیچرز آسانی سے اس میں ردوبدل کر سکتے ہیں ۔۔آپ جان جائیں گے کہ وہ پہلے ہی ایسا کر رہے ہو نگے۔ پیچھے رہ جانے والے بچوں کے لئےسکولوں کی رسائی اضافی پروگرامز تک بھی ہوتی ہے۔

اگر آپ ابھی بھی فکر مند ہیں کہ آپ کا بچہ آگے نہیں بڑھ رہا تو مزید بات چیت اور اسیس منٹ کے لئے سکول کے ہیڈ یاسپیشل ایجوکیشن نیڈز کو آرڈینیٹر (ایس ای این سی او) سے میٹنگ کریں ۔

کیا میرا بچہ پڑھنا لکھنا اور ہجے کرنا (سپیلنگ)سیکھ سکے گا؟

ڈسلیکسیا والے بچے صحیح مدد ملنے سے لکھنا پڑھنا اور ہجے کرنا سیکھ سکتے ہیں اگر چہ انہیں اس میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

امدادی ٹکنالوجی جیسا کہ سمارٹ فون، لیپ ٹاپ اور ٹیبلٹ کمپیوٹر کے زریعے ڈسلیکسیا والے کافی بچوں کو موثر طور پر رابطے کرنے میں بہت مدد ملی ہے۔

مجھے یہ کیسے پتہ لگے گا کہ میرے بچے کو ڈسلیکسیا (نقص کلامی) ہے؟

سکولز اب بہت آسان ٹیسٹوں کے ذریعے ڈسلیکسیا کی ابتدائی علامات اور اس میں ہونے والی بہتری کا پتہ چلا لیتے ہیں۔ اگر ڈسلیکسیا کی علامات نظر آئیں اور لگے کہ بہتری نہیں ہو رہی تو ایک سپیشلسٹ ٹیچر یا ایجوکیشنل سائیکالوجسٹ سکول میں اسیس منٹ کرتے ہیں

اس اسیس منٹ اور اس کی سفارشات سے بچے کی کمزوریوں اور مضبوطی کا پتہ چلتا ہے۔